194

دستورِ اساسی

پاکستان راہِ حق پارٹی

Muhammad Ibrahim Qasmi
President (P.R.H)
PAKISTAN RAH-E-HAQ PARTY

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دستور اساسی

پاکستان راہِ حق پارٹی

دفعہ نمبر 1۔ نام

اس پارٹی کا نام پاکستان راہ حق پارٹی ہوگا اور اسکے دستور کا نام دستور پاکستان راہ حق پارٹی ہوگا۔ یہ دستور یکم جولائی 2011 سے نافذ العمل ہوگا۔

دفعہ نمبر 2۔ دفاتر

پاکستان راہ حق پارٹی کا مرکزی دفتر پشاور خیبر پختونخواہ میں ہوگا۔ اور رابطہ آفس اسلام آباد میں ہوگا جبکہ صوبائی و ضلعی دفاتر صوبوں اور ضلعوں کے صدر مقامات پر ہونگے۔

دفعہ نمبر 3۔ شرائط رکنیت

i۔ ہر وہ پاکستانی راہ حق پارٹی کا رکن بن سکتا ہے جو پارٹی کے دستور و منشور سے متفق ہو اور پارٹی کے نظم کی پابندی کرے۔

ii۔ علاقہ میں بری شہرت نہ رکھتا ہو کسی قسم کا اخلاقی اور فوج داری جرائم کا مرتکب نہ ہو۔

iii۔ سالانہ مبلغ 100 روپے جماعت کے مرکزی فنڈ میں جمع کروائے۔

iv۔ کسی ملک دشمن کاروائی تخریب کاری اور دہشت گردی میں ملوث نہ ہو۔

دفعہ نمبر 4۔ طریقہ رکنیت

i۔ ہر وہ پاکستانی، راہ حق پارٹی میں شامل ہوسکتا ہے جو پارٹی کے سامنے اقرار کرے کہ اس نے پارٹی کا منشور خوب سمجھ لیا ہے اور اس کے بعد اقرار کرے کہ خدمت خلق اور نظریہ پاکستان کے تحفظ لئے جدوجہد اسکی زندگی کا نصب العین ہوگا۔

ii۔ رکنیت فیس کی ادائیگی کر کے کسی بالائی عہدیدار سے دستخط کروانا لازم ہوگا۔

دفعہ نمبر 5 اخراج رکنیت

i۔ وہ عہدرکنیت سے قولاً یا عملاً انحراف کرے اور پارٹی پالیسی کے خلاف کام کرے۔

ii۔ تخریب کاری، دہشت گردی یا ملک دشمنی کے کسی واقعہ میں مددگار یا ملوث پایا جائے۔

Muhammad Ibrahim Qasmi
President (P.R.H)
PAKISTAN RAH-E-HAQ PARTY

iii۔ورکنگ باڈی متعلقہ رکن کوصفائی کا موقع دینگے جرم ثابت ہونے کی صورت میں رکنیت ختم کردی جائیگی۔

iv۔پارٹی سے خارج ہونے والا رکن دوبارہ درخواست دے سکے گا۔جس پر پارٹی کا ذمہ دار ایک ماہ میں فیصلے کا پابند ہوگا۔

v۔رکنیت کے اخراج کی سفارش پارٹی کا سیکرٹری جنرل ورکنگ باڈی سے کریگا۔

دفعہ نمبر 6 **برطرفی** :-شرائط رکنیت کی خلاف ورزی یا اخراج رکنیت والے امور پر عمل کرنے یا بالائی تنظیم کے فیصلوں پر عمل نہ کرنے کے صورت میں کسی بھی عہدیدار کو عارضی طور پر برطرف کیا جاسکتا ہے۔

دفعہ نمبر 7۔**استعفی** :- مستعفی ہونے کی صورت میں متعلقہ رکن یا عہدیدار ورکنگ باڈی کے صدر یا سیکرٹری جنرل کو تحریری استعفی پیش کریگا۔استعفی منظور کرنے یا نہ کرنے کی مجاز ورکنگ باڈی ہوگی۔

دفعہ نمبر 8 **عدم اعتماد** :- کسی بھی سطح کے عہدیدار کے خلاف عدم اعتماد کی صورت میں اُس سطح کی ورکنگ باڈی کی دو تہائی اکثریت درکار ہوگی۔پھر متعلقہ ایگزیکٹو کمیٹی کی سادہ اکثریت سے توثیق کروانا لازم ہوگا۔

دفعہ نمبر 9 **عارضی عہدہ** :- کوئی بھی عہدہ خالی ہونے کی صورت میں عارضی طور پر اسکا نائب اس عہدہ پر کام کریگا۔

دفعہ نمبر 10 **آڈٹ**:- پاکستان راہ حق پارٹی کے اکاونٹ کا آڈٹ ہر سال ہوگا۔آڈیٹر کی نامزدگی متعلق ورکنگ باڈی یا متعلقہ ایگزیکٹیو کمیٹی کریگی بالائی تنظیم کا صدر یا سیکرٹری جنرل سات یوم کے نوٹس پر کسی بھی وقت حساب وکتاب کو چیک کرسکتا ہے۔پارٹی کا بینک اکاونٹ قومی بینک میں ہوگا جو صدر اور سینئر نائب صدر اور فنانس سیکرٹری کے دستخطوں سے عمل پذیر ہوگا۔پارٹی ایک سرکاری رجسٹرڈ چارٹرڈ اکاونٹسی کمپنی کو اپنے سالانہ آڈٹ کیلئے نامزد کریگی۔

دفعہ نمبر 11 تنقید ومحاسبہ کی آزادی

i۔ہر عہدیدار کو دوران اجلاس دوسرے عہدیدار کے رائے پر تنقید ومحاسبہ کا حق حاصل ہوگا بشرطیکہ ادب واحترام کا لحاظ کیا جائے۔اجلاس کے بعد اجلاس کی باتیں یا اختلافی بات کا ذکر بالکل نہیں کریگا۔

ii۔پارٹی کے مرکزی وصوبائی عہدیدار انکا خصوصا اور ہر سطح کے عہدیداران کا احترام ازحد لازم وملزوم ہوگا کسی بھی ذمہ دار کی کردار کشی اور عیب جوئی جرم تصور ہوگا۔

دفعہ نمبر 12 **ریکارڈ** :-پارٹی کے تمام ریکارڈ کو کمپیوٹرائزڈ طریقے سے محفوظ کیا جائیگا اور تمام ریکارڈز کی باقاعدہ فائلنگ کی جائیگی۔

دفعہ نمبر 13 پارٹی فنڈ

i۔ہر سطح پر پارٹی فنڈ ہوگا جسکا نگران فنانس سیکرٹری ہوگا۔

ii۔ہر سطح کی جماعت اپنے تنظیمی امور کیلئے فنڈز اکٹھا کرسکتی ہے جسکا باقاعدہ ریکارڈ رکھا جائے گا۔

iii۔فنڈز کی باقاعدہ رسید فنانس سیکرٹری کے دستخطوں سے جاری کی جائیگا۔

Muhammad Ibrahim Qasmi
President (P.R.H)
PAKISTAN RAH-E-HAQ PARTY

iv۔ پارٹی کا ہر سطح پر عہدیدار صاحب حیثیت اور مخیر حضرات سے عطیات وامداد حاصل کرنے کے مجاز ہونگے پارٹی عطیات رسید پیڈ کے علاوہ کوئی اور پیڈ نہیں استعمال ہوگا۔

v۔ آمدن وخرچ کی سالانہ رپورٹ ایگزیکٹیو کمیٹی کے اجلاس میں پیش کرنا لازمی ہوگا۔

vi۔ رکنیت سازی کی کاپیاں مرکز چھپوائے گا جو صوبائی تنظیموں کے ذریعے تقسیم ہونگی۔

vii۔ پارٹی کا فنڈز جماعتی اغراض ومقاصد اور فلاح وبہبود پر خرچ ہوگا۔

دفعہ نمبر 14 ذرائع آمدن

i۔ رکنیت فیس: ہر ورکر 100 روپے ادا کر کے ممبر بن سکے گا اور اسی طرح ہر پارٹی ممبر پر ماہانہ 50 روپے پارٹی فنڈ میں جمع کرانا لازمی ہوگا

ii۔ سالانہ امدادی فنڈز سکیم

iii۔ پارٹی کو فعال بنانے کیلئے مخیر احباب سے پارٹی فنڈز اکٹھا کیا جائیگا۔

۔ سینٹ قومی وصوبائی اسمبلی یا بلدیاتی امیدواروں سے درخواست کے ساتھ لی گئی فیس۔

دفعہ نمبر 15 **مالی وسائل کی تقسیم** :۔ رکنیت فیس مرکزی فنڈز کا حصہ ہوگی جبکہ ذیلی تنظیمیں فنڈنگ کے ذریعے اپنے نظام کو چلائی گی۔

۔دفعہ نمبر 16 دستور میں ترمیم

i۔ مرکزی ایگزیکٹیو کمیٹی کے کل ارکان کی دو تہائی اکثریت دستور ومنشور میں ترمیم کرنے کے مجاز ہونگے۔

ii۔ ترمیم دستور کیلئے صرف وہی تجویز ایگزیکٹیو کمیٹی کے اجلاس میں زیر غور آئیگی جو ایگزیکٹیو کمیٹی کے ایجنڈے میں شامل ہوگی۔

iii۔ اگر کوئی بھی رکن پارٹی کے دستور میں ترمیم کی تجویز پیش کرنا چاہے تو اسے رکن مرکزی ایگزیکٹیو کمیٹی کے ذریعے مرکزی سینئر نائب صدر سیکرٹری جنرل تک پہنچائے گا اور وہ اسے مرکزی ورکنگ باڈی کے اجلاس میں پیش کریں گے اگر مرکزی ورکنگ باڈی مناسب سمجھے تو اسے مرکزی ایگزیکٹیو کمیٹی کے اجلاس کے ایجنڈا میں شامل کریگا۔

دفعہ نمبر 17 **تنظیمی ڈھانچہ**:۔ صدر، سینئر نائب صدر، نائب صدر اول، جنرل سیکرٹری، ڈپٹی سیکرٹری ،سیکرٹری نشر واشاعت، فنانس سیکرٹری، قانونی مشیر، آفس سیکرٹری

۔دفعہ نمبر 18 **ہیئت ترکیبی**:۔ سٹی تنظیم، یونین کونسل تنظیم، تحصیل، ضلعی، صوبائی اور مرکزی تنظیم

دفعہ نمبر 19 جنرل کونسل

i۔ مرکزی ایگزیکٹیو کمیٹی، چاروں صوبوں کی صدور بشمول گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر اسکے ممبر ہونگے۔

ii۔ جنرل کونسل اجلاس کی صدارت مرکزی صدر کرینگے اور اجلاس کے اہم فیصلوں کی توثیق پھر مرکزی ایگزیکٹیو باڈی سے لی جائیگی۔

Muhammad Ibrahim Qasmi
President
PAKISTAN NAM-E-NAQ PARTY

دفعہ نمبر 20 ایگزیکٹیو کمیٹی

i۔ یونین کونسل، سٹی تنظیم اور تحصیل ٹاؤن تنظیم میں ہر یونٹ کا صدر اور جنرل سیکرٹری متعلقہ ایگزیکٹیو کمیٹی کا ممبر ہوگا۔

ii۔ ایگزیکٹیو کمیٹی کے اجلاس کی صدارت متعلقہ ورکنگ باڈی کا صدر کیا کرے گا۔

iii۔ نئے عہدیداروں کا انتخاب نومنتخب ایگزیکٹیو کمیٹی کے ذریعہ ہوگا۔

iv۔ نئی ورکنگ باڈی مکمل ہوتے ہی ایگزیکٹیو کمیٹی کے ممبر ہونگے۔

v۔ صوبائی ورکنگ باڈی کے تمام اور ضلعی صدور اور ممبران مرکزی ایگزیکٹیو کمیٹی پر مشتمل ہوگی۔

vi۔ ضلعی ایگزیکٹیو کمیٹی / ضلعی ورکنگ باڈی اور تحصیلوں کی ورکنگ باڈی پر مشتمل ہوگی جبکہ صوبائی ایگزیکٹیو کمیٹی تمام صوبائی ورکنگ باڈی اضلاع کے صدور و جنرل سیکرٹریز پر مشتمل ہوگی اور اسی طرح مرکزی ایگزیکٹیو کمیٹی مرکزی ورکنگ باڈی ،صوبائی ورکنگ باڈی بشمول کشمیر و گلگت بلتستان کی ورکنگ باڈی اور تمام اضلاع کے صدور پر مشتمل ہوگی۔

دفعہ نمبر 21 طریقہ انتخاب

i۔ مرکزی ورکنگ باڈی کے صدر کا انتخاب مرکزی ایگزیکٹیو کمیٹی کے ممبران کرینگے۔

ii۔ صوبائی ورکنگ باڈی کے صدر کا انتخاب صوبائی ایگزیکٹیو کمیٹی کے ممبران کرینگے۔

iii۔ ضلعی ورکنگ باڈی کا انتخاب ضلعی ایگزیکٹیو کمیٹی کے ارکان کرینگے۔

iv۔ یونین کونسل، سٹی، ٹاؤن، کی ورکنگ باڈی کے صدر کا انتخاب سٹی اور تحصیل کے ایگزیکٹیو کمیٹی کریگی۔

v۔ مرکز سے ٹاؤن، سٹی ضلع و تحصیل تک کی ایگزیکٹیو کمیٹی ،صدر، کو منتخب کریگی اور باقی عہدیداران ان ہی کے صوابدید پر ہونگے۔

vi۔ پارٹی صدر 4 سال کے لئے بنے گا پارٹی الیکشن ہر 4 سال بعد منعقد کئے جائینگے۔

vii۔ ایک ہی عہدہ پر بار بار ایک فرد کو منتخب کیا جاسکتا ہے۔

دفعہ نمبر 22 فرائض واختیارات

صدر

i۔ صدر پارٹی کا سربراہ کہلایا جائیگا۔

ii۔ تمام امور میں ان سے مشورہ کیا جائے گا۔ صدر جماعت کے انتظامی امور کا سربراہ ہوگا۔

iii۔ مرکزی ایگزیکٹیو کمیٹی ورکنگ باڈی کے ہر اجلاس کی صدارت مرکزی صدر کیا کرے گا۔

iv۔ کسی بھی ہنگامی صورت میں مرکزی ایگزیکٹیو کمیٹی کا اجلاس طلب کرے گا۔

v۔ اپنی بھرپور قائدانہ صلاحیتوں سے پارٹی کے نظم و نسق کو قائم رکھے گا۔

Muhammad Ibrahim Qasmi
President (P.R.H)
PAKISTAN RAH-E-HAQ PARTY

vi۔ ایگزیکٹیو کمیٹی کے تمام اراکین اور پارٹی ڈسپلن یا پھر کسی کے بھی خلاف ڈسپلنری ایکشن لے سکے گا۔

۔سینئر نائب صدر

i۔ صدر کی عدم موجودگی میں انکا قائم مقام ہوگا۔

ii۔ پارٹی کے تمام اہم امور میں صدر کو مشورہ دیگا، اختیارات اور سینیارٹی کے اعتبار سے پارٹی ڈھانچے میں صدر کے بعد ذمہ دار تصور کیا جائیگا۔

نائب صدور:۔ سینئر نائب صدر کے معاون ہونگے اور مشاورت کے ساتھ کام کو آگے بڑھائیں گے۔

۔سیکرٹری جنرل

i۔ اجلاس کا ایجنڈا جاری کریگا۔

ii۔ تمام ریکارڈ مرتب کرے گا خط و کتابت کے فرائض سرانجام دے گا۔

iii۔ جماعت کے متعلقہ ریکارڈ کا نگران ہوگا۔

۔سیکرٹری نشر و اشاعت

i۔ پارٹی کے پروگرامز کی تشہیر، نصب العین، پالیسی، اور فیصلوں کو ذرائع ابلاغ اور عوام الناس تک پہنچائے گا۔

ii۔ پارٹی کے لٹریچر اور ترسیل کا ذمہ دار ہوگا۔ اور اس سے متعلق تمام ریکارڈ اسکی ذمہ داری ہوگی۔

۔فنانس سیکرٹری

i۔ جماعتی فنڈز کا مکمل ریکارڈ رکھے گا۔

ii۔ صدر و سینئر نائب صدر کے حکم سے جماعتی فنڈز خرچ کریگا۔

iii۔ ماہانہ خرچ و آمدن کے حساب کتاب دینے کا پابند ہوگا۔

iv۔ جماعت کے مالی امور کا نگران ہوگا۔

قانونی مشیر

i۔ راہ حق پارٹی سے تعلق رکھنے والے معروف قانون دان، قانونی مشیر منتخب ہوگا۔

ii۔ وکلاء میں پارٹی کے فروغ کیلئے کام کریگا۔

iii۔ عدالت میں ضرورت پڑنے پر اپنی پارٹی کا دفاع کریگا۔

iv۔ قانون کے مطابق اپنے جماعت کی راہنمائی کریگا۔

Muhammad Ibrahim Qasmi
President (P.R.H)
PAKISTAN RAH-E-HAQ PARTY

۔آفس سیکرٹری:۔ دفتر سے متعلق تمام امور کی نگرانی کریگا۔ اور پارٹی کے املاک و سامان کی حفاظت کریگا۔

۔دفعہ نمبر 23 **پرچم** :-ہمارا پرچم سبز اور سفید سیاہ پٹیوں پر مشتمل ہوگا سبز حصے میں چاند تارا نمایاں ہوگا جیسے کہ دستور پر بنا ہوا ہے۔ پرچم کی لمبائی چوڑائی سے 1-1/2 گنا زیادہ ہوگی سبز حصہ مربع شکل کا ہوگا باقی حصہ میں چھ سیاہ پٹیاں ہوگی اور درمیان میں سفید اور ایک سیاہ پٹی ایک سفید پٹی اسی ترتیب سے نیچے تک۔

دفعہ نمبر 24 ذیلی تنظیمیں

i۔مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے یونٹ اور انکی حیثیت

ii۔ہر سٹی و تحصیل میں علماء، وکلاء، تاجران، خواتین، اقلیتی برادری، طلباء، مزدور، کسان، اساتذہ اور کلرکوں کے الگ الگ یونٹ قائم کئے جائینگے جو باقی یونٹوں کی طرح تحصیل / ٹاؤن / سٹی کے الیکشن میں ووٹ استعمال کرنے بھی مجاز ہونگے اور تحصیل / سٹی ایگزیکٹیو کمیٹی میں بھی حصہ لے سکیں گے۔تاہم ہر کالج / مدرسہ / سکول کا یونٹ الگ الگ ہوگا اور ہر بار کا یونٹ بھی الگ ہوگا اسی طرح باقی شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے حضرات اپنا الگ الگ یونٹ اور ونگ قائم کریں گے۔

دفعہ نمبر 25 حق سٹوڈنٹ فیڈریشن

ہماری پارٹی کی ذیلی سٹوڈنٹس تنظیم ہوگی جسکا تنظیمی ڈھانچہ فی الحال صدر، سینئر نائب صدر، جنرل سیکرٹری، سیکرٹری نشر و اشاعت اور فنانس سیکرٹری پر مشتمل ہوگا۔جو کہ بعد میں مشاورت کے ساتھ عہدوں میں اضافہ بھی کیا جاسکتا ہے۔

اور اسی طرح چاروں صوبوں کے اضلاع بشمول آزاد کشمیر، گلگت بلتستان، میں کالجز اور مدارس عربیہ کی باڈیاں متعلقہ راہ حق پارٹی کے باڈیوں سے مشاورت اور اعتماد کے ساتھ کام کریں گی۔

دفعہ نمبر 26 علماء ومشائخ ونگ

۔علماء ومشائخ کی اضلاع سے مرکز تک خصوصی کمیٹیاں بنائی جائیگی ان سے دینی اور اہم امور میں راہنمائی حاصل کی جائیگی۔

دفعہ نمبر 27 اقلیتی ونگ

۔اقلیتی برادری کو قومی دھارے میں شامل کرنے کیلئے انہیں نمائندگی دی جائیگی اور انکے حقوق کے تحفظ کیلئے ان سے مشاورت ہوگی۔

دفعہ نمبر۔28 شرائط امیدوار

i۔سینٹ، قومی اسمبلی، صوبائی اسمبلی کے انتخابات کیلئے نامزدگی صدر اور سینئر نائب صدر کریگا۔

ii۔مذکورہ اسمبلیوں کیلئے امیدواروں کا ایماندار، دیانتدار ہونا لازمی ہوگا۔

iii۔کسی قسم کی ملک دشمن سرگرمیوں میں ملوث نہ ہو۔

Muhammad Ibrahim Qasmi
President (P.R.H)
PAKISTAN RAH-E-HAQ PARTY

دفعہ نمبر 28 حلف نامہ

میں۔۔۔۔۔۔ولد۔۔۔۔۔۔۔۔سکنہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جو پاکستان راہ حق پارٹی کا۔۔۔۔منتخب ہوا ہوں۔اللہ رب العزت کو حاضر ناضر جان کر اقرار کرتا ہوں کہ

۔اللہ تعالی اور اسکے رسول حضرت محمد ﷺ کی اطاعت وفاداری کو ہر چیز پر مقدم رکھوں گا۔

۔راہ حق پارٹی کے اغراض مقاصد اور نصب العین کی تکمیل کے سلسلہ میں حتی المقدور کوشش کرونگا۔

۔پارٹی کا وفادار اور دستور و منشور اور جماعتی پالیسیوں کی مکمل پابندی کرونگا۔

۔جو فرائض میرے سپرد کئے جائیں گے انکو پورے اخلاص اور دیانت کے ساتھ انجام دونگا۔

۔پارٹی کے نظام اور اسکے کام میں جہاں کوئی رخنہ محسوس کروں گا اسے دور کرنے کی پوری کوشش کرونگا۔

۔جو امور خفیہ یا پوشیدہ رکھنے کی ہدایت کی جائے گی اسکے بارے میں راز دار رہونگا۔

اللہ تعالی مجھے اپنے خاص فضل و کرم سے اس عہد کو وفا کرنے کی توفیق بخشے اور اللہ تعالی ہم سب کا حامی و ناصر بھی ہو۔آمین

Muhammad Ibrahim Qasmi
President (P.R.H)
PAKISTAN RAH-E-HAQ PARTY

منشور

پاکستان راہِ حق پارٹی

شروع اللہ تعالیٰ کے بابرکت نام سے جو تمام عالم کا خالق اور مالک ہے۔

تمہید: امت مسلمہ بالعموم اور پاکستانی قوم بالخصوص اس وقت انتہائی نازک صورتحال سے دوچار ہے۔ جارح عالمی قوتوں نے اپنے مفادات کی خاطر وطن عزیز کی جغرافیائی اور نظریاتی سرحدوں کو انتہائی خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ افسوس کہ داخلی طور پر قوم و ملک کی بھاگ ڈور ایسے ہاتھوں میں رہی ہے اور اب بھی ہے جو اپنے ذاتی مفادات اور مقاصد کی خاطر بیرونی قوتوں کا آلہ کار بنے ہوئے ہیں بلکہ ان ہی کی ناقص حکمت عملیوں کے باعث ہم نے اپنا ایک بازو 1971 میں کٹوا کر بھی سبق نہیں سیکھ سکے۔ جان بوجھ کر قوم کو خوراک، لباس، صحت، رہائش اور تمام ضروریات زندگی کے ایسے گھمبیر مسائل میں الجھا دیا گیا ہے کہ اب وہ بے چارے سر اُٹھانے کے قابل ہی نہیں رہے عریانی فحاشی، بے راہ روی، قتل و غارت، مہنگائی، خودکشیاں، ٹارگٹ کلنگ اور خودکش بم دھماکے عروج پر ہیں اس پر مستزاد قانون کی پاسداری اور امن و امان نامی چیزیں عنقا ہیں۔ ہر طرف مایوسی اور بددلی پھیلی ہوئی ہیں ناجائز کمائی پر پلنے والے ملکی قوانین اور اسلامی شعائر کا مذاق اُڑا رہے ہیں لیکن انکو روکنے والا کوئی نہیں امید کی کرنیں بند ہو گئیں قوم کسی مسیحا کی منتظر ہے۔

ایسی ہی مایوس کُن صورتحال میں قوم کا درد رکھنے والے افراد نے بڑی سوچ و بچار کے بعد فیصلہ کیا ہے کہ مضبوط قوتِ ارادی، سچے جذبے اور نیک نیتی کے ساتھ ہم سب نے مل کر سیاسی درستگی، اسلامی، اصلاحی اور فلاحی جذبے کے تحت اپنے پیارے ملک کو نئے جوش اور ولولے کے ساتھ خوشحالی اور امن کا گہوارہ بنانے کا عہد کرنے کے ساتھ ساتھ موجودہ گھمبیر صورتحال سے نکالنے اور قیام پاکستان کے اغراض و مقاصد کے حصول کیلئے ایک ایسی نئی جماعت تشکیل دی جائے جسکی قیادت اور اس میں شامل افراد ممکنہ حد تک بے داغ ماضی کے حامل ہوں اور اُنکے دلوں میں اللہ رب العزت کا ڈر اور اپنے وطن اور قوم کے ساتھ سچی محبت ہو نیز قومی مسائل کے حل کا پختہ عزم کئے ہوئے ہوں۔

ہماری اس نئی سیاسی پارٹی کا نام "پاکستان راہِ حق پارٹی" ہے جسکا صدر دفتر پشاور صوبہ خیبر پختونخواہ میں ہوگا اور رابطہ آفس اسلام آباد میں ہوگا جبکہ صوبائی و ضلعی دفاتر صوبوں اور ضلعوں کے صدر مقامات پر ہونگے۔

Muhammad Ibrahim Qasmi
President (P.R.H)
PAKISTAN RAH-E-HAQ PARTY

اغراض ومقاصد

یہ پارٹی درجہ ذیل اغراض ومقاصد کیلئے کوشاں رہیگی۔

1۔وطن عزیز میں اسلام کے عادلانہ نظام کے نفاذ کیلئے پرامن جمہوری طریقے سے جدوجہد کرنے کے ساتھ ساتھ معاشرے کی نظریاتی اور خالص اصولوں پر مبنی قوم کی دینی ودنیاوی تربیت کیلئے تحریری، تقریری اور ریفریشر پروگرامز کا ملکی سطح پر انعقاد کروانا۔

2۔عوام میں جائز حقوق کے حصول اور قومی ومعاشرتی فرائض کی ادائیگی کا شعور بیدار کرنا اور بنیادی ضروریات مثلاً خوراک، لباس، تعلیم ،علاج اور رہائش کے حصول کیلئے جدوجہد اور اُنکی دستیابی کو یقینی بنانا۔

3۔عورتوں کو معاشرے میں اُنکا جائز مقام دلانا اور انکی عزت وحقوق کیلئے قانون سازی کرنا۔

4۔مالیاتی اداروں کو اسلامی اصولوں کے مطابق ڈھالنے اور انکو کامیاب کرنے کیلئے بھرپور جدوجہد کرنا۔

5۔اپنے قومی دفاع کو ناقابل تسخیر بنیادوں پر استوار کرنا اور اپنے غیور اور حب الوطن افواج کے وقار اور حوصلہ کو مزید بلند کرنا۔

6۔تمام سرکاری وغیر سرکاری اداروں سے رشوت اور سفارش کا مکمل خاتمہ کرانا اور میرٹ کو ترجیح دے کر اہل افراد کو کلیدی عہدوں پر لانا۔

7۔امت مسلمہ کے اتحاد کیلئے مخلصانہ کوشش کرنے کے ساتھ ساتھ فروعی اختلافات کو ختم کر کے تمام مذہبی اسلامی جماعتوں کو متحد کرنا۔

8۔تمام ضروری ادویات کو اندرون ملک تیار کروانا، جعلی ادویات اور ادویات کی گرانفروشی کی حوصلہ شکنی کرنا۔

9۔ہسپتالوں کو اپ گریڈ کروا کر ایمرجنسی ادویات کی فری فراہمی کو یقینی بنانا اور ہسپتالوں کو جدید ٹیکنالوجی سے لیس کرنے کے ساتھ ساتھ ہر بڑے ہسپتال میں برن یونٹ بنانا۔

10۔تمام خوردونوش، سبزی، پھل، گھی، تیل، بلکہ وہ کھانے جو غریب عوام کیلئے ہوٹلوں میں پکتے ہیں ان سب کو محکمہ خوراک کے ذریعے معیاری بنانا۔تمام خوردونوش جو کہ ہمارے ہاں تیار اور پیک ہوتے ہیں، انکے بنانے اور تیار کرنے کے طریقہ کار کا جائزہ لینا اور اسے ISO کے معیار کے مطابق بنانا۔

11۔زرعی ترقی کیلئے تمام مالی اور سائنسی ذرائع کا حصول اور استعمال کرانا اور بنجر زمینوں کو قابل کاشت بنانے کیلئے موثر حکمت عملی تیار کرنا۔

12۔صنعتوں کو جدید سائنسی بنیادوں پر استوار کرنا اور بیمار صنعتوں کیلئے جامع منصوبہ بندی بنانا۔

13۔میونسپلٹی کیلئے موثر حکمت عملی اور تمام شہروں اور دیہاتوں کو صاف ستھرا اور پرفضا بنانا۔

14۔مواصلات کے نظام کو جدید بنانا اور ملک کے دور دراز علاقوں میں ذرائع آمدورفت کا جال پھیلانا۔

15۔معدنیات پر خصوصی توجہ دینے کے ساتھ ساتھ اسے سائنسی بنیادوں پر لانے کیلئے جامع پالیسی مرتب کرنا۔

16۔نظام تعلیم کو جدید ترین خطوط پر استوار کرنا اور پورے ملک کے تمام تعلیمی اداروں میں یکساں نظام تعلیم رائج کرنا نیز دینی مدارس کیلئے علماء کرام کی مشاورت سے جدید اصلاحات نافذ کرنے کے ساتھ ساتھ اُنکی اسناد کو بورڈ اور یونیورسٹیز کے ہم پلہ بنانا تاکہ مدارس سے فارغ التحصیل طلباء [illegible] لئے باعزت اور خوش آئند زندگی کا انتخاب کر سکیں۔

Muhammad Ibrahim Qasmi
President (P.R.H)
PAKISTAN RAH-E-HAQ PARTY

17۔ تکنیکی تعلیم کے فروغ کیلئے خصوصی توجہ دیکر اور تعلیمی اداروں میں بین الاقوامی زبانوں کو لازمی مضامین کے طور پر متعارف کروانا خصوصاً عربی اور چینی زبان سیکھنے کیلئے جامع منصوبہ بندی کرانا۔

18۔ توانائی کے بحران کو حل کرنے کی جامع منصوبہ بندی کرنا اور ملک کو اس بحران سے مستقل بنیادوں پر چھٹکارا دلانا۔

19۔ غیر مسلم اقلیتوں کو اُنکے پورے حقوق دلوانا اور سماجی مرتبے میں ان کو اکثریت کے مطابق لانا نیز خواجہ سراؤں کو بھی معاشرے میں عزت دلوانے کیلئے قانون سازی کرنا۔

20۔ ملکی، صوبائی اور علاقائی ثقافت کے فروغ اور ترقی کیلئے جدوجہد کرنا اور اپنے ہنرمند افراد کی حوصلہ افزائی کرنا۔

21۔ ہر شعبہ ہائے زندگی کے افراد کی راہنمائی کرنے کیلئے علماء کرام اور جدید تعلیم یافتہ طبقہ پر مشتمل مشاورتی مجالس کا قیام۔

22۔ مہنگائی پر قابو پانے کیلئے اور ریٹ کنٹرول کیلئے جامع منصوبہ بندی کرانا۔

23۔ ٹریفک کے نظام میں جدید اصلاحات لانا اور رش پر قابو پانے کیلئے نئے انڈر پاسز اور اوور ہیڈ پل کی تعمیر کرنا۔

24۔ تمام پڑوسی ممالک کے ساتھ برادرانہ تعلقات قائم رکھنا ہم اس فلسفے کے قائل ہیں کہ دشمن ساری عمر دشمن نہیں رہا کرتے اور ایسی پالیسیاں مرتب کرنا جو کہ عوامی امنگوں کی ترجمان ہوں۔ نیز پڑوسی ممالک افغانستان، چین، ایران اور بھارت کے ساتھ دوستانہ تعلقات رکھنا اور باہمی تجارت کو فروغ دینا۔

25۔ امہ کے ساتھ بہترین تعلقات قائم رکھنا خصوصاً سعودی عرب جو کہ چین کی طرح ہمارا بہترین دوست ملک رہا انکے ساتھ اچھے تعلقات کو مزید بہتر بنانا اور باہمی تجارت کو فروغ دینا نیز ہماری یہ بھی کوشش ہوگی کہ ہم بی سی سی اور او آئی سی کو مسائل کے حل کے ساتھ ساتھ پوری امہ میں اتفاق واتحاد کو فروغ دینے کی کوشش کریں گے۔

26۔ ہم ایسی خارجہ پالیسی مرتب کریں گے جو ہمیشہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے ہم آہنگ ہوگی اور اس ادارے کے کردار کو زیادہ شفاف بنانے اور تمام ممالک کے اصول نمائندگی اور ٹرانسپرنسی کیلئے جہاں زیادتی ہوگی بین الاقوامی اداروں کی قراردادوں کی روشنی میں موثر آواز اُٹھانا اور ہر جگہ اپنے ملک کے وقار کو بلند رکھنا۔

27۔ نئے صوبوں کی تحاریک کی حوصلہ شکنی کی بجائے زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسی جامع پالیسی بنانا جو عوامی امنگوں کی حقیقی ترجمان اور ملکی مفاد میں ہوگی۔

28۔ جیل خانہ جات میں تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی اور اصلاحی پروگراموں کے ذریعے قیدیوں کی اصلاح کروانا۔

29۔ ہر حلقے میں اپنی پارٹی کے رابطہ دفاتر قائم کرنا جہاں پر اپنے محترم عوام کی شکایات مشورے یا رائے کو سننے کیلئے ہماری قیادت ہر وقت موجود رہیگی اور حتمی فیصلوں کیلئے مسائل کو صدر دفتر پہنچاتی رہیگی جہاں پر عمل درآمد یقینی بنایا جائیگا۔

30۔ مسئلہ کشمیر کو کشمیری عوام کی منشاء اور امنگوں کے مطابق حل کرنے کی بھرپور کوشش کرنا۔

Muhammad Ibrahim Qasmi
President (P.R.H)
PAKISTAN RAH-E-HAQ PARTY

آخر میں کامیابی کی دعا

ہم اس منشور کے پڑھنے والوں سے درخواست کرتے ہیں کہ ہمارے اور ہماری قوم کی حق میں دعا کریں۔ کہ اللہ تعالی ہمیں اس قابل بنائیں کہ ہم اپنی قوم کی خدمت اسی جذبے اور سچائی کے ساتھ کریں کہ جسکا ہم نے اس منشور میں ذکر کیا ہے۔ آمین

Muhammad Ibrahim Qasmi
President (P.R.H)
PAKISTAN RAH-E-HAQ PARTY